عملیاتِ محبت
امین برادرس کراچی

کتابِ لاجواب

الموسوم

عملیاتِ محبت

مرتّب

حضرت مولانا سیّد وقار علی صاحب قبلہ

مصنّف

اسلامی محمدی بڑی تقویم بمبئی و مرتب دیگر کتب ہائے عملیات

ناشران

امین برادرس ناشران و تاجرانِ کتب پوسٹ بکس ۱۴۵

آرام باغ روڈ کراچی نمبر ۱

قیمت ..... 24/=

فہرست

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ جَعَلَ الۡحُبَّۃَ سَبَبَ تَخۡلِیۡقِ الۡکَوۡنَیۡنِ وَقِیَامِ الثَّقَلَیۡنِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ وَحُبِّہٖ وَمَحۡبُوۡبِہٖ سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا حَبِیۡبِنَا وَمُحِبِّنَا سَیِّدِ الثَّقَلَیۡنِ نَبِیِّ الۡحَرَمَیۡنِ اِمَامِ الۡقِبۡلَتَیۡنِ وَسِیۡلَتِنَا فِی الدَّارَیۡنِ اَبِی الۡقَاسِمِ مُحَمَّدِ بۡنِ عَبۡدِ اللّٰہِ نُوۡرٌ مِنۡ نُوۡرِ اللّٰہِ تَعَالٰی یٰاَیُّھَا الۡمُشۡتَاقُوۡنَ بِنُوۡرِ جَمَالِہٖ صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا ہ

تمام تعریفوں کے قابل صرف ذات باری تعالیٰ ہے جس نے فقط لفظ کُن سے آن واحد میں تمام عالم کو خلق فرمایا - یہ زمین اور اس فرش خاکی پر لہلہاتے ہوئے رنگ برنگ پھولوں کی حسن آرائی - یہ بغیر کسی ستون کے نیلی چھت کا آسمان جو اپنے دامن پر لاتعداد ستاروں کو ٹانکے ہوئے اہل دنیا کے سروں پر مسکراتا ہوا نظر آ رہا ہے جسے یوں ہی دیکھتے ہوئے دنیا والے آتے ہیں اور ایک مدت معینہ تک قیام کرنے کے بعد پھر اپنی منزل مقصود کی طرف چلے جاتے ہیں لیکن اس چھت میں شمہ برابر

بھی تغیر و تبدل نہیں ۔ نہ کہیں جوڑ نہ کہیں پیوند نہ مرمت کی ضرورت اور پھر اس
پر بغیر کسی اٹکاؤ کے روز محشر تک گولے ۔ ایک ٹھنڈا اور دوسرا اس قدر
گرم کہ تمام دنیا کی گرمی بھی سمٹ کر اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی ۔ نام چاند اور
سورج ، اتنا بڑا انتظام اور اس قدر ارفع و اعلیٰ اور پھر اس کے قیام کی
ضرورت وہ خالق ارض و سما معاذ اللہ کسی بات کا محتاج ہے یا اس کی وحدانیت
نیت بغیر آپ کی عبادت کے قائم نہیں رہ سکتی ۔ یا بغیر آپ کو انسان اپنا
خلیفہ بنائے ہوئے اس کی خدائی محو استحکام نہ ہوتا ، پھر آپ کو اشرف
المخلوقات کے معزز خطاب سے اس کو نوازنے کی ضرورت ؟ ... کبھی
غور کیا آپ نے اس پر ؟ .... نہیں .... اس لیے
کہ ذرا بھی غور فرماتے تو پھر اس ذات اقدس سے سرکشی نہ کرتے ۔
مصر کے تخت پر بیٹھ کر فرعون کے نام سے پکارا جانے والا ایک حقیر
انسان اس کی ہمسری کا دعویدار نہ ہوتا کعبہ میں ۳۶ بُت اس کے ہمسر بنا
کر نہ رکھے جاتے ۔ یہ سب کچھ ہوتا رہا ۔ وہ دیکھتا رہا ۔ باوجود ہر طرح
کی قوت اور طاقت کے طاکوشش ۔ اس کا شریک بنایا ۔ ہمسری کی ۔
ط لیفہ عبادت بدلا گناہ پر گناہ کرتے رہے ۔ لیکن جب ہوش میں آئے
آنکھیں کھلیں ۔ توبہ کی ۔ گڑگڑائے اپنے قصور کی معافی مانگی باوجود
سخت مجرم اور قابل گردن زدنی ہونے رحمت الٰہی جوش میں آئی
قدرت نے سوچا ۔ ہم نے پیدا کیا ہے ۔ ہم نے پالا ہے ۔ ہم اس
کی نافرمانی پر بھی اسے رزق دیتے رہے ہیں ۔ یہ جب اس حالت

میں ہماری نعمتوں سے فیضاب ہوتا رہا ہے تو اب تو اپنے گناہوں سے توبہ کر رہا ہے۔ اب اس نے ہمیں پہچان لیا ہے۔ ہمارا ہی بندہ تو ہے بھولا تھا۔ ہوش آگیا۔ چلو روانہ کردو دیکھا آپ نے خود کیا یہ سب کیا...... بندہ نوازی اسی کو محبت کہتے ہیں یہ بڑی گرانقدر چیز ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو تمام نظام درہم برہم ہو جائے۔ اس محبت ہی کی وجہ سے مالک بے نیاز آپ کے گناہوں سے چشم پوشی کر رہا ہے۔ ان بچہ کی اسی جذبہ کے تحت خدمت کرتی ہے وحشی جانور اسی وجہ سے رام ہوتا ہے۔ مگر محبت اتنی اہمیت کی مالک ہوتی تو کائنات کا وجود نہ ہوتا۔

غرضیکہ محبت ایک امر مسلمہ ہے اور اس جذبہ سے کوئی ذی روح خالی نہیں چنانچہ مزید بحث سے تعلق رکھتے ہوئے ہیں یہاں پر صرف یہ تحریر کرنا ہے کہ انسان نے اس محبت کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ جائز اور ناجائز۔

ناجائز محبت سے قطع نظر کرتے ہوئے کہ وہ گناہ کبیرہ کا ایک ایسا بوجھ ہے جس کو سوائے ابلیس کے اور کوئی اٹھا نہیں سکتا صرف جائز محبت اور اس کے حصول و استحکام کے جائز طریقوں سے اس کتاب کو آراستہ کرنے کے بعد منظر عام پر لایا جا رہا ہے تاکہ عوام اقدس خاطر خواہ فائدہ حاصل کر سکیں۔

محبت نور الہی ہے:

جملہ مختصر لیکن کائنات پر چھایا ہوا ہے اس پیدا کرنے کی کوئی مخلوق ایسی نہیں جو نعمت غیر منشہ سے محرام ہو بے زبان جانور تک اس شیریں چیز کی شیرنیت سے آگاہ ہیں اور اسی کے ذریعہ سے دوست اور دشمن کی شناخت میں اچھی خاصی تمیز رکھتے ہیں۔ اپنے بے پر و بال بچوں کی حفاظت اور ان کے لیے دانہ تنکے کی تلاش بھی اور اسی جذبہ کے تحت... کرتے رہتے ہیں۔

ہر ذی روح سے بغیر کسی غرض و غائت کے محبت کرنا ہی اصل محبت ہے لیکن موجودہ دور میں نئی روشنی کا زیادہ طبقہ اس محبت کا قائل نہیں تجربہ شاہد ہے کہ فسق و فجور۔ عشق بازی بے حیائی عریانیت۔ زناکاری افعال خلاف وضع فطری وغیرہ کا دوسرا نام محبت رکھ کر اس مقدس جذبے کی محض توہین ہی نہیں کرتے بلکہ اللہ کے گنہگار بھی بنتے ہیں۔

لہذا کہ واجب ہے کہ ان کم ساعتوں سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے صرف اللہ اور اس کے رسول سے محبت کی جائے جو مذہب اسلام کی پہلی میادی انیٹ ہے ان کے بعد ماں باپ بہن بھائی اہل و عیال عزیز و اقربا۔ اور دوست احباب سے یہ رشتہ استوار کیا جائے۔ کیونکہ حدیث شریف میں بھی ہدایات دی جا چکی ہیں۔

عملیات کا جائز استعمال

چونکہ زمانہ کا رنگ بدلا ہوا ہے۔ مشرقی حیا مغرب کی مسموم ہوائیں دام توڑتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔ اچھے بڑے جائز اور ناجائز کی تمیز جاتی رہی اس لیے بہتر سمجھا گیا کہ اس مشق کی تشریح کر دی جائے اور ان لوگوں کو جو محبت کو ایک تفریحی ذریعہ سمجھے ہوئے مرتکب گناہ ہوتے ہیں۔ خوفزدہ کرتے ہوئے عذاب الٰہی سے روکا جائے چنانچہ ماں باپ بہین، بھائی۔ اولاد۔ اعزہ اور دوستوں کے درمیان اگر باہمی شکر رنجی پیدا ہو کر دائمی ملال کی صورت اختیار کر رہی ہو اور سب صورتیں۔ میل و ملاپ بعد سعی بلا ئے کار ہو چکی تو اس وقت عملیات کا استعمال جائز ہو گا۔ البتہ وہ آرزو جو غیر شرعی ہے اور جس مقصد زنا یا اغلام بازی کو... بہت زیادہ دخل حاصل ہے قطعی طور پر ناجائز ہے اور اس میں عملیات سے مدد لینے والا نہ صرف یہ کہ اپنے مقصد میں ناکام رہتا ہے بلکہ ایک ایسے گناہ کا مرتکب ہوتا ہے جس کا کفارہ بھی غیر ممکن ہو جاتا کرتا ہے لہذا ہمارا پُر خلوص مشورہ یہ ہے کہ ناجائز صورتوں میں عملیات کی طرف توجہ نہ کرنا ہی بہتر ہے۔

اصول برائے عامل

جاننا چاہیئے کہ کوئی کام بغیر اصول اختیار کیئے اور ضابطہ کار مقرر کیئے

ہوئے پاۂ تکمیل کو پہنچ کر منفعت نہیں بخشتا اور بہ ضابطہ کار اس کے لیے بہت ضروری ہوتے ہیں مثالی طور پر اگر آپ کو کچھ لکھنا ہے تو اس کے لیے سب سے پہلے آپ کو چار چیزوں ۔ قلم، دوات، کاغذ اور... روشنائی کی ضرورت ہوگی ۔ پھر آپ کو روشنائی کا محلول تیار کرنا پڑے گا بعدہ آپ قلم بنائیں گے تب کہیں جاکر آپ کو لکھنے کا موقع ملے گا۔

اسی صورت سے دعا۔ تعویذ۔ عمل و عملیات ۔ نجوم، جفر وغیرہ علوم کے عالمین اور ماہرین فن نے بھی کچھ اصول اور ضابطۂ کار مقرر کئے ہیں ۔ جس صورت سے ان چاروں چیز متذکرہ بالا میں سے کسی ایک چیز کے نہ ہونے سے آپ تحریر کا کام انجام نہیں دے سکتے بالکل اسی طرح عملیات کے کسی اصول سے روگردانی کرتے ہوئے آپ اس میں کامیاب نہیں ہو سکتے چنانچہ سب سے پہلے آپ کو اس کے حسب ذیل ضابطہ کار کو اپنانا ہوگا ۔

ضابطۂ کار

۱۔ عامل کے لیے سب سے پہلی اور ضروری چیز اَکْلُ حَلَالُ اور صِدْقُ مَقَالُ ہے اس کے بعد راست گوئی ۔ پرہیزگاری اور پابند عبادت الٰہی کا ہونا ضروری ہے ورنہ عمل بیکار ہوگا ۔

۲۔ عامل کو ستاروں کے خواص ۔ ان کی چال داخلہ و قیام بروج مزاج ۔ یوم حکومت سے بھی واقف ہونا چاہیئے اگر ان باتوں کا

لحاظ نہ گیا تو تاثیر عملی ظاہری نہ ہوگی اور اگر ہوئی بھی تو دیر میں ہوگی۔

۳:۔ عامل استخراج طالع سے بھی واقف ہو۔

۴:۔ اوقات مقررہ اور تعین جگہ بھی ضروری ہے۔

۵:۔ بخورات ۔ سدقات وغیرہ کا استعمال ، قسم تعویذات وغیرہ سے اگاہی۔

۶:۔ طریقہ عمل خوانی طریقہ تحریر تعویذات۔

کم از کم اگر ان اصولوں دضابطۂ کار ، کو مدنظر رکھتے ہوئے ... تعویذات تحریر کیے گئے یا عمل خوانی کی گئی تو پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ جائز مقاصد میں خاطر خواہ کامیابی نہ ہو۔

بغرض آسانی شائقین ہم ضابطہ کار مندرجہ بالا کی تفصیلات بھی تحریر کر رہے تاکہ اس قسم کی اور دوسری کتابوں کے تلاش کرنے کی شائقین کو ضرورت نہ پیش آئے۔

اجازت عام

کتاب ہذا میں جس قدر عملیات تحریر کئے گئے ان کے بابت اجازت عام ہے مزید اجازت حاصل کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی لیکن اتنی گذارش ضرور کروں گا کہ ناجائز امور سے اجتناب حاصل کرتے ہوئے صرف جائز مشکلات میں اس کتاب کو رہبر بنایا جائے۔ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلٰغُ الْأَمِيْن۔

مُرَتِّب

باب۱:

اقسام تعویذات

واضح ہو کہ تعویذ کی چار قسمیں ہیں آتشی بادی۔ آبی اور خاکی۔
تعویذ آتشی اس کو کہتے ہیں کہ کاغذ یا کوری ٹھیکری، ہرن کی کھال یا چینی یا کسی دھات کی تختی پر لکھ کر آگ میں ڈالیں یا چولھے کے نزدیک دفن کریں۔ تعویذ بادی وہ ہے جس کا تعلق ہوا سے ہے یعنی یہ تعویذ کسی مقصد کے لیے لکھ کر کسی درخت یا بلند مقام پر لٹکا یا جاتا ہے تاکہ ہوا سے متحرک ہوتا رہے۔

تعویذ آبی:۔ کی صورت یہ ہے کہ حصول مقاصد کے لیے اس تعویذ کو لکھ کر سمندر، حوض، دریا یا کنوئیں میں ڈال دیتے ہیں۔ اس تعویذ کا تعلق پانی سے ہے اسی لیے اس کو آبی کہتے ہیں۔

تعویذ خاکی:۔ وہ ہے جو بعد تحریر زیر زمین یعنی چوراہے قبرستان چوکھٹے یا گھر میں کہیں دفن کرے۔

اقسام تعویذات کے بعد اعداد حروف جن کا تعلق سبع سیارگان سے ہے اور جن سے عامل کا واقف ہونا ضروری ہے حسب ذیل ہیں جو حسب قاعدہ علم جفر تحریر کیے گئے ہیں۔ یہ سات کلمے ہیں اور ہر کلمے میں تشدید

والے حرفوں کو دو مرتبہ شمار کرنے پر چار حرف ہوتے ہیں ان کلموں کا تعلق باطنی بحکم رب العزت سبع سیارگان میں سے ایک ایک ستارے سے ہے اس لیے جو حرف جس شخص کے سر اسم پر پڑے گا اس شخص اور اس کے نام کا تعلق اس ستارے سے ہو گا لہذا اسی لحاظ سے تجربات روشن کئے جائیں۔ اثرات جلد ظاہر ہوں گے۔

کلمات

ابجد[۱] ہوز[۲] حطی[۳] کلمن[۴] سعفص[۵]

قرشت تخذ ضطع وغیرہ وغیرہ

سبعہ سیارگان کی مزاجی کیفیت

سبعہ سیارگان	ابجد	ہوج	طیکل	من	سعفص فرشت تخذ		ضطع
	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتشی	ا ۱	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ذ ۷۰۰
باوی	ب ۲	و ۶	ی ۱۰	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
خاکی	د ۴	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷	ر ۳۰۰	خ ۱۰۰	غ ۱۰۰۰

بخورات :۔

اس بات کو بھی اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ سیارگان کی نرالی کیفت سے آنا ہونے کے بعد عامل کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ ستاروں کے موافق مزاج ان کے بخورات سے بھی آگاہ ہو، اس لیے کہ اگر بروقت تحریر تعویذ یا پڑھنے عمل بخورات روشن نہ کیئے گئے یا اگر بے بے قاعدہ کیئے گئے تو تاثیر نہ ہو گی لہذا اس کمی کو اسی جگہ پورا کیا جا رہا ہے تاکہ عامل پریشان نہ ہو۔

نام ستارہ		تفصیل بخورات			
زحل	:۔	عود	لوبان	رال	قرنفل
مشتری	:۔	مشک	جودار	کافور	عود
		صندل سرخ		شکر۔	
مریخ	:۔	لوبان	عود	رال	
شمس	:۔	دارچینی	عود	مشک	زعفران
زہرہ	:۔	عود	عنبر	مشک	کافور
		صندل سفید		اسپید	
عطارد		صندل سرخ		قرنفل	کافور
		نمک سنگ	عود		
قمر	:۔	شہد	کافور	عود	

سبع سیارگان

اس منزل پر پہونچنے کے بعد اب عامل کے لیے ضرورت یہ پیدا ہو گی کہ وہ ان ستاروں میں سے ہر ایک ستارے کی خاصیت سے کما حقہ، آگاہ ہو چنانچہ آسانی کے لیے ایک نقشہ مرتب کر کے شامل کتاب ہذا ہے جاننا چاہیئے کہ خلّاق عالم نے ہرایک ستارے کی خاصیت الگ رکھتی ہے۔ اور ستاروں کی ان خاصیتوں سے سال و ماہ اور ایام ہفتہ یعنی دوشنبہ منگل۔ بدھ۔ جمعرات۔ جمعہ۔ سنیچر۔ اتوار کو ایک ایک ستارے سے منسوب کرتے ہوئے اثر انداز کیا ہے چنانچہ سب سے پہلے یہ بتانا ضروری ہے کہ کون سا ستارہ کس دن سے تعلق رکھتا ہے۔ مقام کہاں ہے۔ آیا سعد ہے یا نحس نقشہ ذیل ملاحظہ فرمایئے

نام ستارہ	یوم	سعد و نحس	کیفیت قیام وغیرہ	ملکیت
زحل	سنیچر	نحس اکبر	قیام فلک ہفتم	ملک آسمانی ہفتم
مشتری	جمعرات	سعد اکبر	قیام فلک ششم	ششم
مریخ	منگل	نحس اصغر	قیام فلک پنجم	پنجم
شمس	اتوار	سعد	قیام فلک چہارم	چہارم
زہرہ	جمعہ	سعد اصغر	قیام فلک سوم	سوم
عطارد	بدھ	دونوں	قیام فلک دوم	دوم
قمر	پیر	سعد	قیام فلک اول	اول

دوسرا نقشہ ذیل میں ستاروں کی ساعات کا تحریر ہے اگر عامل اس منزل پر پہنچ کر بھٹک گیا تو وہ یقینی طور پر بر وقت ضرورت نہ تو فائدہ حاصل کر سکتا ہے اور نہ دوسروں کو پہنچ سکتا ہے اس وقت صورت ایسی ہوگی کہ اگر نشانہ تک پر بیٹھ گیا تو فائدہ پہنچ گیا اور اگر نشانے سے خطا کی تو منھ دیکھا گئے یعنی اندھے کے ہاتھ بٹیر کی مصداق ہوگی۔
اس لیے عامل کو ساعات سے واقفیت حاصل بھی ضروری ہے۔
پوشیدہ نہ رہے کہ اگر دن اور رات کا دورہ برابری کی منزل پر ہے بارہ ساعتیں دن میں ہوں گی اور بارہ ساعتیں رات میں ہوں گی۔ اور اگر دن بڑا رہا اور راتیں چھوٹی رہیں تو دن کی ساعتیں زیادہ ہوں گی اور رات کی ساعتیں کم اسی صورت سے اگر راتیں بڑی ہوتیں اور دن چھوٹے

ہوئے تو اس حالت میں رات کی ساعتیں زیادہ ہوں گی اور دن کی ساعتیں کم جس کے لیے سال رواں کی جنتری کی ضرورت پڑے گی یہاں پر یہ بتا دینا ضروری ہے کہ ساعت معنی گھنٹے کے ہیں۔ اور ہر گھنٹہ کی ابتدا روزانہ سات بجے صبح سے کیگئی ہے نقشہ ساعت نامہ سے ستارہ حاکم وقت کو دریافت کیجئے اور اسی ستارہ کے موافق بخور روشن کر کے تعویذ تحریر کیجئے یا عمل خاکی کیجئے۔

ستاروں میں مشتری، زہرہ، عطارد اور شمس کی ساعتیں عملیات محبت اور تعویذات محبت کے لیے بہت اچھی ہیں اسی کے پیش نظر جمعہ، جمعرات بدھ اور پیر کا دن بہتر قرار دیا گیا ہے۔ تاریخوں کا بھی لحاظ رکھنا چاہیئے کہ نحس تاریخوں میں نہ تو تعویذات محبت تحریر کئے جاتے ہیں اور عملیات محبت کی وظیفہ خوانی ہوتی ہے۔

عاملین کے نزدیک حسب ذیل ماہ میں حسب ذیل تاریخیں لہذا ان کا خیال رکھنا اشد ضروری ہے

محرم	صفر	ربیع الاوّل	ربیع الثانی	جمادی الاول
۱۱-۴	۱-۲۰	۱۰-۲۰	۱-۱۸	۲-۱۱
جمادی الثانی	رجب	شعبان	رمضان شریف	شوال
۲-۴	۱۳-۱۵	۳-۴	۹-۲۰	۶-۰

ذیقعدہ	ساعت نامہ				ذالحجہ
	پاس اول			پاس دوم	
شب و روز	ساعت ۱	ساعت ۲	ساعت ۳	ساعت ۴	ساعت ۵
شب شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یکشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب چارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز چارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

ساعت نامہ حصہ دوم

شب و روز	پاس سوم				پاس چہارم		
شب و روز	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت
شب شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یکشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز چہارشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنجشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

تذکرہ طالع

جاننا چاہیئے کہ ماہرین عملیات اور استادان فن نے بر وقت ترتیب اصول طالع کی قرآن روشنی میں بارہ مہینوں کی رعایت کو ملحوظ رکھتے ہوئے بارہ برج نامزد کرتے ہوئے قائم کئے جیسا کہ قرآن مجید خبر دیتا ہے

اور ان کا تعلق مزاج انسانی سے وابستہ کیا طریقہ اس کے استخراج کا یہ ہے کہ سب سے پہلے استخراج کنندہ کو حساب جمل یعنی الفاظ ابجد سے جس کا تذکرہ نقشہ کے اندر صفحہ نمبر پر تحریر کیا جا چکا ہے معہ اس کے ہندسوں کے اس طرح سے واقف ہو کہ اگر عبارت اس قاعدے کی رو سے کہیں پر لکھی نظر آئے تو اسے اس کے پڑھنے میں تکلف نہ ہو یعنی ایسی عبارتوں کے پڑھنے میں کافی ماہر ہو تب وہ کسی کا یا اپنا طالع نکالنا چاہے تو لازم ہے کہ اپنے اور اپنی ماں یا دوسرے اور اس کی ماں کے نام کے اعداد بہ قاعدہ جمل نکال کر ایک جا جمع کرے اور اس حاصل جمع کو عدد بارہ ہے اس وقت تک تقسیم کرتا ہے جب تک تقسیم کیے جانے والے اعداد یا تو بارہ (تقسیم کرنے والے عدد) سے برابر تقسیم نہ ہو جائے یا پھر عدد تقسیم کنندہ سے کم ہوں ایسی صورت میں اگر بعد تقسیم (۱) باقی بچا تو طالع حمل ۔ دو بچا تو ثور ۔ تین بچا تو جوزا چار بچا تو سرطان ۔ پانچ بچا تو اسد ۔ چھ بچا تو ۔ سات بچا

تو میزان آٹھ بجا تو عقرب نو بجا تو قوس ۔ بجا تو قبدی ۔ گیارہ بجا تو دلو اور جب برابر ۔ برابر تقسیم ہو گئے تو حوت ہوگا ۔ یہی برُج ہیں اور انہیں کو بارہ خانہ بھی کہتے ہیں ۔

خاصیت طالع

یہ زیادہ مناسب معلوم ہوا کہ ان بارہ طالع کی خاصیت بھی مختصر طور پر تحریر کر دی جائے تاکہ ناواقف کے لیے مشعل ہدایت کا کام دے سکے اور باعث کامیابی بن سکے ۔

حمل :۔ یہ طالع آتشی ہے اور ستارہ اس کا مریخ یعنی منگل ہے یہ شرقی ہے اور مریخ آسمان پنجم پر ہے ۔ اس طالع کے انسان کو مہینوں میں ماہ محرم اور دنوں میں جمعرات ہر کام اور سفر کے لیے بہتر ہوگا ۔ اس طالع کے لوگوں کے لیے ۔ آگ ۔ زہر ۔ دھواں ۔ سانپ اور تیر و تلوار بدترین دشمن ہیں ان سے ہوشیار رہنا لازمی ہے ۔ ایسے لوگوں کی قسمت میں دو عورتیں ہیں ۔ پہلے پانچویں ۔ ساتویں اور اٹھائیسویں سال خطرات لاحق ہوں گے ۔

ثور :۔ یہ طالع رُخ جنوبی پر ہے اور اس کا ستارہ زہرہ عامل روز جمعہ ہے ۔ آسمان سوم پر قیام ہے ایسے لوگوں کے لیے ماہ صفر اور یوم جمعہ ہر کام کے لیے بہتر ایسے طالع والے پر چوتھا ۔ ساتواں ، سترھواں اور چوالیسواں سال بہت سخت ہوگا ۔ ایسے

آدمی کثیر السفر ہوں گے۔

جوزا:۔ یہ طالع بادی رُخ مغربی ہے اس طالع کا ستارہ عطارد ہے یہ ستارہ عامل روز چہار شنبہ ہے آسمان دوم پر اس کا قیام ہے ایسے طالع والوں کے لیے ماہ ربیع الاوّل جو کہ مولود کا مہینہ مشہور ہے اور دن چہار شنبہ (بدھ) مبارک ہو گا ہر کام کے لیے۔ سفر۔ جفر۔ تجارت۔ شادی بیاہ دکھیتی باڑی غرض جس کام میں صاحب طالع ہاتھ ڈالے گا اس میں خاطر خواہ کامیابی ہو گی ایسے طالع والوں کے لیے تیس برس کی عمر میں نظر قید گی اب اور پچیس۲۵ برس کی عمر میں زہر اور جادو سے ہلاک ہو گا خوف ہے۔

سرطان:۔ اس طالع کی خاصیت کو حکماء نے آبی بتایا ہے یہ برج شمالی ہے اور ستارہ اس طالع کا قمر یعنی چاند ہے جس کا قیام آسمان اول پر ہے ایسے طالع والے حضرات کے لیے ربیع الثانی کا مہینہ اور دنوں میں دو شنبہ ہر کام کے لیے بہت مبارک ہے۔ منافع کثیر ہو گا۔ محبت پختہ ہو گی۔ صاحب اولاد اور کثیر الاعیال ہو گا ایسے طالع والوں کے چار قرآن بہت سخت ہیں پہلا قرآن پانچویں برس کی عمر میں بذریعہ جادو۔ ٹونا۔ دعا تعویذ۔ سحر دوسرا قرآن اٹھارہ برس کی عمر میں بذریعہ زہر دشمنوں کی طرف سے تیسرا قرآن تینتیس۳۳ برس کی عمر میں بذریعہ آگ۔ چوتھا قرآن چالیس برس کی عمر میں ہونا ہے جس میں جان کا خطرہ ہے لہٰذا ان خطرات کے زمانے میں بہت محتاط رہنے

کی ضرورت ہے۔

اسد: اس طالع کا رُخ مغربی ہے اور خاصیت آتشی رکھتا ہے ستارہ اس کا شمس یعنی سورج ہے۔ آسمان چہارم پر سکونت پذیر ہے عامل یوم اتوار ہے چنانچہ ایسے طالع والے اشخاص کے لیے جمادی الاول کا مہینہ اور اتوار کا دن بہت مبارک ہے۔ مہینہ اور دن کا لحاظ رکھتے ہوئے اگر صاحب طالع کوئی کام کرے گا۔ بخیریت انجام کو پہنچے گا یہ ستارہ سب ستاروں کا بادشاہ ہے اس طالع والوں کو تمام عمر میں چار قرآن درپیش ہوں گے پہلا قرآن دو برس کی عمر میں چھپکلی کے سبب سے۔ دوسرا قرآن چار برس کی عمر میں جادو کا دھواں ہے۔ تیسرا قرآن انیس برس کی عمر میں آگ کے ذریعے اور چوتھا قرآن پچاس برس کی عمر میں سانپ کے ذریعے ہوگا لہٰذا ان زمانوں میں یکے بعد دیگرے ایسے مقامات خطرناک پر اور ان چیزوں کے استعمال سے پرہیز کرے۔ اگر صاحب طالع ان مصائب سے بچ لیا تو انشاءاللہ طویل عمر پائے گا۔

سنبلہ: حکمائے دانشوران نے اس طالع کو خاکی جنوبی بتایا ہے مزاج اسکا سرد اور خشک ہے۔ ستارہ اس کا عطارد عامل یوم چارشنبہ ہے آسمان دوم پر قیام ہے۔ ایسے طالع والوں کے لیے دنوں میں چہارشنبہ (بدھ) اور مہینوں میں جمادی الثانی صفر، جعفر یعنی ہر کام کے لیے مبارک ہوگا۔ ایسے شخص کے مقدر میں

جائز طریقہ پر تین عورتیں ہیں۔ ایسے لوگوں کو اگر زندگی کے بعد دگیرے باقی رہی تو تین قرآن ہیں۔ پہلا قرآن ۹ برس کی عمر میں حادثہ ٹوٹ کے کا ڈر ہے۔ دوسرا قرآن اٹھارہ برس کی عمر میں مار گزیدہ اور کسی زہر کا دسواس ہے تیسرا قرآن بیالیس ۴۲ برس کی عمر میں اسلحہ آتشیں سے گزند پہونچنے کا ہے لہٰذا ان زمانوں میں بہت زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

میزان :-

اس طالع کی خاصیت بادی ہے چونکہ اس طالع کی شکل ترازو کی سی ہے لہٰذا ڈنڈی بجانب مشرق اور دونوں پلڑے بجانب مغرب ہیں تعلق اس کا ستارہ زہرہ سے چنانچہ ایسے طالع والے حضرات کے لیے یوم جمعہ اور ماہ رجب مبارک ہے برائے اہم کارہا ایسے لوگ محنت و مشقت کے عادی ہونگے عیش و آرام ان سے دور رہے گا۔ ایسے طالع والوں کے لیے تمامی زندگی میں اگر وہ یک دوسرے سے بچا گیا تو پانچ قرآن درپیش ہوں گے پہلا قرآن ساتویں سال بذریعہ زہر اپنوں کی طرف سے دوسرا قرآن دسویں سال میں بذریعہ پانی دشمن کی طرف سے۔ تیسرا قرآن اٹھارہ برس کی عمر میں تلوار سے چوتھا قرآن بائیس برس کی عمر میں جنگل میں بھیڑیے کی طرف سے۔ پانچواں قرآن ۵۰ برس کی عمر میں دیو اور پری کی طرف سے لہٰذا صاحب طالع کو ان زمانوں میں جب کہ قرآنی حدود

قریب ہوں بہت زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

عقرب:۔

یہ برج آبی ہے۔ ستارہ اس کا مریخ ہے، رخ جنوبی ہے مزاج سرد ہے اس طالع کے آدمی کو مہینوں میں شعبان المعظم اور دنوں میں منگل ہر کام کے لیے مبارک ہوگا لہٰذا ایسے لوگوں کو چاہیئے کہ وہ جو کام بھی شروع کریں اس کی ابتداء ماہ شعبان المعظم میں منگل سے کریں اور اگر مہینہ کسی صورت سے نہ پکڑ سکیں تو منگل کے دن کا ضرور لحاظ رکھیں کہ ان کے حق میں بہتر ہوگا۔ ایسے انسان کو تمام عمر میں تین قرآن درپیش ہوں گے۔ پہلا قرآن آٹھ برس کی عمر میں دشمنوں کی طرف سے جادو کا ہوگا دوسرا قرآن ۲۴ برس کی عمر میں زہر کے ذریعہ بھائیوں کی طرف سے۔ تیسرا قرآن بتیس ۳۲ برس کی عمر میں تلوار سے دشمن کی طرف سے۔ اس طالع والے آدمی کو تیسرے قرآن کے بعد اگر وہ بخیریت رہا تو کافی رقم ملے گی۔

قوس:۔

یہ نواں برج ہے ستارہ اس برج کا مشتری عامل یوم پنجشنبہ ہے۔ مزاج آتشی اور رخ شرقی ہے۔ ایسے طالع والوں کے لیے مہینوں میں ماہ رمضان شریف اور دنوں میں پنجشنبہ ہر کام کے لیے مبارک ہوگا ایسے لوگوں کے لیے تین قرآن ہیں۔ پہلا قرآن ایک برس کی عمر میں ذریعہ جھڑپ دوسرا قرآن ساتویں سال زہر کا ڈر ہے

جو دکھلایا جائے یا ذریعہ جانوراں وحشرات الارض کے پہنچے۔ تیسرا قرآن بتیس برس کی عمر میں جادو یا دعا تعویذ کے ذریعہ سے پہنچنے کا خوف ہے۔

جدی :۔

یہ دسواں برج ہے اور اس کا ستارہ زحل ہے رخ اس کا طرف مغرب اور پیٹھ جانب شمال ہے۔ مگر برج جنوبی خاکی ہے ایسے طالع والوں کے لیے مہینوں میں ماہ شوال اور دنوں میں یوم سنیچر ہر کام کے لیے بہتر ہوگا۔ اہل علم کے نزدیک یہ ستارہ نحس ترین ستارہ ہے۔ اس لیے ہر کام نہایت ہوشیاری کے ساتھ کرنا چاہیئے۔ ایسے طالع والوں کے لیے بھی تین قرآن ہیں پہلا قرآن تیسرے سال بھرپ اور دسواس۔ دوسرا قرآن آٹھ برس کی عمر میں غیر مذہب کی عورت کے ذریعہ سے جادو کا ہے۔ تیسرا قرآن تیس برس کی عمر میں حاکم تنہائی میں سانپ کے ذریعہ سے ہے۔ لہٰذا عدد و قرآنی کی قربت کے وقت متذکرہ بالا چیزوں سے بہت زیادہ خبردار رہے ورنہ بصورت لاپرواہی صاحب طالع اپنی موت کو خود دعوت دیگا۔

دلو :۔

تاثیر اس برج کی بادی اور رخ اس کا جانب شمالی اور پاؤں طرف جنوب کے ہے اس طالع ستارہ بھی زحل عامل یوم سنیچر ہے جس کا قیام ساتویں آسمان پر ہے ایسے طالع والوں کے لیے

مہینوں میں ماہ ذیقعد اور دنوں میں یوم سنیچر ہر کام کے لیے بہتر ہوگا۔ اس طالع کے آدمی کو تمام عمر میں تین قران پیش آئیں گے۔ پہلا قران تین برس کی عمر میں جھڑپ کا خوف ہے۔ دوسرا قران تیرھویں برس کی عمر میں جادو ٹونے کا وسواس ہے اور تیسرا قران تیئس برس کی عمر میں شیر سے خوف ہے اگر صاحب طالع ان تینوں قرانوں سے بخیریت گذر گیا تو انشا اللہ عمر طویل ہوگی۔

حوت :-

یہ بارہواں اور آخری برج ہے۔ خاصیت اس کی آبی ہے اور ستارہ اس کا مشتری عامل یوم پنجشنبہ ہے چونکہ برج ہذا دو مچھلیوں کی شکل پر ہے اس لیے ایک مچھلی کا رخ جانب مغرب اور دم طرف مشرق اور دوسری مچھلی کا سر جانب شمالی اور دم جانب جنوب کے ہیں ایسے طالع کے لوگوں کے لیے مہینوں میں ماہ ذالحجہ اور دنوں میں یوم جمعرات سارے کاموں کے لیے بہتر ہوگا۔ ایسے طالع والوں کی زندگی میں دو قران آئیں گے۔ پہلا قران چار برس کی عمر میں زہر کا خطرہ ہے خواہ وہ کسی صورت سے ہو یعنی داخلی یا خارجی جو بھی طریقہ اختیار کیا جائے۔ دوسرا قران بارہ برس کی عمر میں جادو ٹونے کا ڈر ہے۔ اگر صاحب طالع ان دونوں قرانوں سے بچ گیا تو عمر کافی لمبی اور پھر اس کو تمام عمر کسی قسم کے خطرات پیش نہ آئیں گے۔

ہدایت :-

بہ وقت تحریر طالع جات ہر فرد مطالعہ کنندہ کتاب ہذا پر یہ بات کئی طرح واضح کر دی گئی ہے کہ ہر طالع میں صاحب طالع کے بیلے قرآنوں کا تذکرہ موجود ہے یہ بات دوسری ہے کہ کسی میں کم اور کسی میں زیادہ مگر ہے سب میں جس میں جان کے جانے تک کا اشارہ کر کے صاحب طالع کو محتاط رہنے کی ہدایت کیجا چکی ہے۔ ایسے موقع پر جب کہ جان جانے کے خطرات لاحق ہوں بزرگان دین نے خیرات دینے کی ہدایت فرمائی ہے کیونکہ جان کا صدقہ مال ہوتا ہے لہذا مرتب کے نزدیک سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ زمانہ قرآن میں جب کہ داخل ہونے کے بعد چند دن باقی رہ جائیں تو صاحب طالع کو چھوٹے چھوٹے صدقات کے علاوہ ایک مرتبہ اپنے ہوزن غلہ بھی صدقہ ضرور دینا چاہیئے۔

باب ۲:

در بیان عملیات قرآن مجید

یہ بات اس جگہ پھر اچھی طرح واضح کر دی جاتی ہے کہ عامل کے لیے یہ قطعی اجازت نہیں ہے کہ وہ کسی ناجائز کام میں رسالہ ہذا کے تمامی عملیات میں سے کسی عمل کی رہبری حاصل کرے اور اگر اس نے باوجود ہدایت کے بھی ایسا کیا ہے تو یہ اس کی تمامتر ذمہ داری اپنی ہوگی اور ہر قسم کے مواخذے کا وہ ذمہ دار ہوگا۔

عمل نمبر ۱:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد کے مطابق (۷۸۶) پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر جس کسی کو یہ پانی پلا دے وہ اس پر انتہائی مہربان ہوگا۔

عمل نمبر ۲:۔ یہ آیت بزرگ و برتر سورہ یٰسین کی ہے بروز یکشنبہ ایک سو مرتبہ شرینی پر دم کرے جس کو کھلائیے گا وہ دیوانہ وار آپ سے محبت کرنے لگے گا۔ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

عمل نمبر ۳۰

مندرجہ ذیل آیات محبت کے لیے تیر بہدف ہیں چاہیے
کہ اتوار کے دن بعد ادائے دو رکعت نماز حاجت سکون قلب کے ساتھ
شروع کرے اور برابر سات روز تک پانی میں گھول کر پلا دیں مجرب ہے
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ
اَلَّفَ بَیْنَھُمْ ط اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ٥ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ
بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ وَاللّٰہُ
غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ٥

عمل نمبر ۳۱

یہ عمل ہے اگر تمنا ہے کہ معشوق محبت میں
خود دیوانہ اور بیقرار رہے تو آیا مبارکہ مع اسمائے بزرگ مندرجہ ذیل
بروز جمعہ مشک اور زعفران کا گلاب سے محلول تیار کرکے نماز کے
وقت پاک کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے ہے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ
الْقَیُّوْمُ اللّٰہُ اللّٰہُ اللّٰہُ یَا معارج یا معارج یا معارج یا حی
یا حی یا حی یا قیوم یا قیوم یا رب یا رب یا رب برحمتک
یا ارحم الرحمین ہ وصلی اللّٰہ علی سیدنا محمد و آلہ
اجمعین یا رب احرقت قلب فلاں بن فلاں علی حب فلاں
بن فلاں یحبونهم کحب اللّٰہ والذین آمنوا اشد حب اللّٰہ
عملا ھم یا عاطمحا سحابا ساسا یا لہم یا یا الحی یا طمعو

یا من ابا سعی یا طلعوایا دوسم طعمرادرا عاکسوبالوتعہ
یا محبوب یا سمع یا مطلع یا صح یا ست یا اسح صعلواللہ اللہ
وطہ الاصبو ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

عمل نمبر ۵:-

عمل مندرجہ ہذا بعد طہارت و ادائے غسل سنتی دو رکعت نماز بہ نیت بجالاوے پھر ساعت سعید میں اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ۲۵ بار پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کسی صورت سے کھلا دے انشاءاللہ الفت پیدا ہو گی۔

عمل نمبر ۶:- صاحب ضرورت اگر سورۂ اخلاص یعنی پورا سورہ قل شریف کو بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ اکتالیس بار اول و آخر ۱۴۱ بار درود شریف پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے انشاءاللہ مطلوب بیقرار ہو جائے گا لیکن شرط ہے کہ پڑھتے وقت مطلوب کا تصور دل میں رکھے۔

عمل نمبر ۷:-

یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَہٗ یَا رَحْمٰنُ

ترکیب اس عمل مبارکہ کی یوں ہے پہلے غسل کرے پھر باوضو ہو اس کے بعد ایکزار دانہ گندم لے کر ایک گوشہ میں بیٹھ جائے اور تصور مطلوب دل میں قائم کر کے ایک دانہ ہاتھ میں لے کر پڑھے جب عبارت عمل ختم ہو جائے اس دانے کو الگ رکھ دے اور دوسرا دانہ ہاتھ میں لے کر

عمل خوانی کرے اسی صورت سے ہزار دانوں کو ختم ہو جائے تو دوسرے روز پھر اسی صورت سے عمل کرے۔ یہ عمل تین روز تک متواتر جاری رہے گا اس کے بعد ان دانوں کو کسی پاک مٹی کے برتن میں پاک پانی ڈال کر پکائے پھر اسی طرح منہ بند کر کے معہ سرپوش کسی ویران کنوئیں میں ڈال دے۔ مطلوب کتنا ہی سنگ دل کیوں نہ ہو بیقرار ہو جائے گا۔ ہر دانہ پر اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھنا لازمی ہے۔

عمل نمبر ۸:۔

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ط

الحب ابن بن فلان علی حب فلاں بن فلاں شیرینی پر پڑھ کر مطلوب کو کھلا دے۔

عمل نمبر ۹:۔

آیت مبارکہ مندرجہ ذیل کو پاک کاغذ پر اگر کی بتی اور عطر عروس کی خوشبو میں لکھ کر مطلوب کو پلا دے انشاءاللہ مطلب پورا ہو ہو گا مگر فعل حرام کے لیے نہ ہو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰی سَمْعِهِمْ وَ عَلٰٓی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ عَلٰی مَحَبَّةِ

عمل نمبر ۱۰:۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ ذٰلِکَ لِمَنْ خَشِیَ رَبَّہٗ ۔ آیہ مبارکہ مندرجہ بالا محبت کی منزل کے لیے بجد مجرب ہے جب ضرورت اس امر کی پیدا ہو جائے کہ کسی قوم، فرد یا افراد سے عداوت دور ہو جائے اور جذبہ محبت پیدا کر مستقل صورت اختیار کرے تو آیات مندرجہ بالا کو چار پیالوں میں تحریر کرے پھر ان کو دھو کر اسی پانی سے آٹا خمیر کرے بعدہٗ ان کی روٹیاں تیار کر کے جن لوگوں کے درمیان محبت کرانی مقصود ہو ان کو کھلائے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

عمل نمبر ۱۱

مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اس آیہ مبارکہ کو سات مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پڑھ کر بیلے کے پھولوں پر دم کر کے مطلوب کو سونگھائے روٹی یا شکر یا مٹھائی پر دم کرے اور مطلوب کو کھلا دے خداوند کریم مطلوب اور طالب کے دل میں سخت محبت والفت پیدا کرے گا۔

عمل نمبر ۱۲

عمل مندرجہ ہذا حب کے لیے بہت مشہور ہے اور بجد مجرب ہے جیسا کہ تحریر کیا جا رہا ہے اگر طالب جائز ضرورت کے لیے پڑھے اور شکر پر دم کرے اور کسی لامعلوم طریقہ سے مطلوب کو کھلا دے مطیع ہو جائے گا۔ اور اگر مطلوب کو شکر نہ کھلا سکے چیونٹیوں کے بل

میں ڈال رہے تاکہ وہ کھا جائیں۔

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ بستم خواب وخور فلاں ابن فلاں فَعَلَ رَبُّکَ اَصْحٰبِ الْفِیْلِ اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَھُمْ بستم خواب وخور فلاں ابن فلاں علےٰ حبِّ فلاں ابن فلاں فِیْ تَضْلِیْلٍ وَّاَرْسَلَ عَلَیْھِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَۃٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ فَجَعَلَھُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ ط بستم خواب وآرام فلاں ابن فلاں اور فلاں کی جگہ نام مطلوب لیوے اور ابن فلاں کی جگہ نام مطلوب کی ماں کا لیوے۔

عمل نمبر ۱۳:۔

جب کبھی کسی مرد یا عورت سے محبت کی ضرورت ہو تو مطلوب کی پیشانی کے بال تھوڑے سے ہاتھ میں لے اور یہ سورت پڑھے اللہ تعالیٰ ان کے درمیان محبت پیدا کر دے گا اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃِ الْقَدْرِ وَمَآ اَدْرٰکَ مَا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ ج لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَالرُّوْحُ فِیْھَا بِاِذْنِ رَبِّھِمْ مِنْ کُلِّ اَمْرٍ سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ج

عمل نمبر ۱۴:۔

جناب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اگر دو شخصوں میں باہم نفرت کی خلیج حائل ہے اور منظور ہے کہ پھر محبت ہو جائے تو لازم ہے کہ سورہ جمعہ جو کہ کلام مجید کے اٹھائیسویں پارے میں ہے اس کو بہ صدق دل پانچ مرتبہ پڑھیں اور دونوں پر

دم کریں انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا اس بات ہیں اس سورت کے فضائل بہت ہیں۔

عمل نمبر ۱۵:۔

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○

اگر بوجہ غربت کسی غریب آدمی کی شادی نہ ہو رہی ہو اور وہ جائز طریقہ پر چاہتا ہے کہ عورت بہ آسانی اس کو مل جائے یا تمنا فرزند کی رکھتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ تین یوم متواتر روزہ رکھے اور ہر رات کو سوتے وقت اکیس۲۱ بار اس آیت کو پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے پھر سو جائے اور ہر ماہ میں ایک مرتبہ یہ عمل کرے اللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری فرمائے گا۔

عمل نمبر ۱۶:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۞ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ

اگر خواہش ہو کہ ہر متنفس اس سے محبت پیش آئے تو اس آیۂ مبارکہ کو کسی پاک برتن میں لکھے اور اس برتن کو بارش کے پانی سے دھو کر اپنے مکان کے چاروں کونوں میں اس طرح چھڑک دے کہ

کہ اس پانی کا ایک قطرہ بھی ضائع نہ ہو پھر قدرت خدا کا تماشہ دیکھے کہ سب لوگ اس کے بہترین رفیق بن جائیں گے۔

عمل نمبر ۱۷:۔

(ھفت سلام) اس عمل کو عمل ہفت سلام کہتے ہیں اور اس کا دوسرا نام آیات شفا بھی ہے، خواص لا تعداد ہیں، بخار کیسا ہی شدید کیوں نہ ہو اس کی برکت سے جاتا رہے گا۔ رزق میں فراوانی ہوگی۔ آسیب تنگ نہ کر سکینگے ہم چشموں میں بزرگی ملے گی۔ اس کا حصار آفات ارضی وسماوی سے محفوظ رکھے گا۔ حاکم وقت مہربان ہوگا۔ دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا اس میں مقہور ہوں گے اس لیے عمل حب میں بھی یہ بہترین اثرات کا مالک ہے طریقہ اس کی خواندگی کا محبت میں یہ ہے اول و آخر مرتبہ گیارہ۔ گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان ایک سو مرتبہ اس دعا کو چالیس روز تک بلا ناغہ بعد نماز عشار پڑھنا چاہیئے اور اگر ہمیشہ ورد رکھا گیا تو صاحب وظیفہ جملہ مخلوقات عالم کی نظر میں عزیز ہوگا اور اس شخص کو قوت تسخیر پوری طریقہ پر حاصل ہوگی۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ط سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ۔ سَلَامٌ عَلٰٓى اٰلِ یَاسِیْنَ۔ وَسَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ٥ سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ سَلَامٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِیْمَ۔ سَلَامٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ سَلَامٌ عَلَیْكُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ

عمل نمبر۱۸:

یہ عمل سورہ یٰسین شریف کا ہے فوائد اس کے بے شمار ہیں اور طریقہ خواندگی بھی مختلف ہے چونکہ یہ رسالہ محبت کے عنوان سے مرتب کیا جارہا ہے لہٰذا یہاں پر وہی طریقہ درج کیا جائے گا۔ محبت میں اس کے عمل خوانی کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین مرتبہ درود شریف۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ط پڑھے۔ پھر سورۃ یاسین شریف کو شروع کرے اور جب پہلی (لفظ) مبین پر پہنچے تو ابتداء سے شروع کرے۔ اور پھر جب دوسری مبین پر آوے تو پھر سورت اوّل سے شروع کرے اور اسی طرح جب تیسری مبین پر پہنچے پر پھر سے شروع کرے غرض کہ پوری سورت یٰسین میں سات مبینیں ہیں ہر ایک مبین پر پہنچ کر پھر اوّل سے شروع کرتا رہے اور ساتویں دفعہ آخر تک ختم کردے پھر یہ درود شریف جو لکھا جاچکا ہے۔ تین دفعہ پڑھے گیارہ روز تک متواتر پابندی اوقات کا لحاظ رکھتے ہوئے پڑھتا رہے اتنے دنوں میں انشاءاللہ اس عمل کا پورا پورا اثر ظاہر ہوگا جملہ مخلوقات صاحب عمل کے زیر اثر ہوں گے یہاں تک کہ دیو اور پری اطاعت کرسکتے ہیں۔

عمل نمبر۱۹:

یہ عمل باحصار چالیس دن کا ہے۔ عامل کو ترک لذات کرنا پڑے گا مقصد جائز ہونا چاہیے، ناجائز ہوگا، رجعت ہوگی۔

سب سے معمولی نقصان دماغ کی خرابی ہے کہ خبط الحواس ہو کر مدتوں پریشان رہے گا طریقہ اس کی خواندگی کا یہ ہے کہ چالیس روز تک قبل غروب آفتاب غسل کرے اور بعد غسل لباس نو اور عطر مرغوب طبع سے اپنے کو آراستہ کر کے نماز مغرب و عشاء اسی لباس پر پڑھے بعدہ بعد سلگانے بخور رات اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں چالیس مرتبہ یہ دعا پڑھے ۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ؕ

عمل نمبر ۲۰ :۔

چالیس روز تک بلاناغہ سو دفعہ درود شریف از اول و آخر اور درمیان میں دعائے مندرجہ ذیل ایک ہزار بار اور گھر والوں کے سو جانے کے بعد ایسی جگہ پڑھے جہاں کسی کو پتہ نہ لگ سکے ۔ عمل باوضو ہو گا اور بہنگام ورد طالب اور مطلوب کا خیال رکھنا ضروری ہے یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ بعد عصار عمل خوانی ہو گی اور ترک لذات واجب ہے ورنہ احتمال رجعت ہے ۔۔

عمل نمبر ۲۱ :۔

یہ عمل حب کے لیے سریع التاثیر ہے ترتیب اس کی خواندگی یہ ہے کہ شب چہار شنبہ ۔ شب پنجشنبہ ۔ شب جمعہ نصف رات کے وقت غسل کر کے لباس پاک و پاکیزہ پہنے بعدہٗ بعد وضو ۲ مرتبہ درود شریف اول و آخر پڑھ کر عمل ذیل چار سو بار پڑھیں اور دوران ورد مطلوب کو ذہن سے فراموش نہ کریں ۔ انشاء اللہ پہلے ہی

روز اثر ظاہر گا۔ یہ عمل تین روز تک متواتر جاری رکھیں اور اس بات کا
سختی سے خیال رکھیں کہ دوران ورد خیالات لا یعنی سے پرہیز کریں
عمل یہ ہے۔ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ
بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِحَقِّ یَا مَوْدُوْدُ ۔

عمل نمبر ۲۲ :۔

ترکیب عمل مندرجہ ذیل کی یہ ہے کہ بروز دوشنبہ
عروج ماہ میں اول سیاہی شاہ توت کی لکڑی جلا کر تیار کی جائے اس کے
بعد آیت ہذا ہرن کے بچے کی کھال پر لکھ کر نیچے آیات کے اپنا اور مطلوب
کا نام لکھے اور پھر تعویذ بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ مطلوب
تابع فرماں ہوگا آیہ یہ ہے۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا
تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ
قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلٰی شَفَا حُفْرَةٍ
مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰیٰتِهٖ
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝
وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

عمل نمبر ۲۳ :۔

محبت پیدا کرنے اور پھر اس کو مستحکم کر کے منزل
نفاق کو بالکل ختم کر دینا اور بگڑے ہوئے حالات کو بہتر بنانے میں اکسیر ہے

ترکیب اس عمل کی یوں ہے کہ بوجہ نفاق جب دو شخص باہم راضی نہ ہوتے ہوں تو آیات مندرجہ ذیل کو ایک پاک کاغذ پر لکھ کر اور آیہ مبارکہ کے آخر میں محبت فلاں بن فلاں بھی تحریر کر دے اور دونوں میں سے کوئی شخص اپنے پاس رکھ لے۔ انشاء اللہ جھگڑا اور تنازع ختم ہو جائے گا۔ دعا یہ ہے۔ وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَىٰ قَوْمِهِ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاءُ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ كُلًّا هَدَيْنَا وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ وَهَارُونَ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝

وَزَكَرِيَّا وَيَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ وَإِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ ۝

وَمِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَإِخْوَانِهِمْ وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَهَدَيْنَاهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ إِنَّ اللَّهَ يَهْدِي بِهِ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ كَذَٰلِكَ يَهْدِيهِم۔ فلاں ابن فلاں إلى محبۃ فلاں ابن فلاں

عمل نمبر ۲۴:۔

آیات مندرجہ ذیل کو ماہ رمضان شریف کے پہلے جمعہ کے روز صوف کے کپڑوں کے تین ٹکڑوں پر لکھے ایک کا رنگ زرد دوسرے کا سفید اور تیسرے کا سرخ ہونا چاہیے ان تینوں ٹکڑوں کو سوئی سے جمع کر کے ایک پاک صندوقچی میں محفوظ رکھ لے اور جب

کبھی ضرورت پڑے صندوقچی کو سر پر رکھ لے جو کوئی دیکھے گا محبت کرے گا

وَاِنْ یُّرِیْدُوْٓا اَنْ یَّخْدَعُوْکَ فَاِنَّ حَسْبَکَ اللّٰہُ ؕ ھُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَکَ بِنَصْرِہٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ ۙ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ ؕ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ ؕ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝

عمل نمبر ۲۵:۔

عمل مندرجہ ذیل برائے حب اکسیر ہے ترکیب اس عمل کی یوں ہے کہ آیت شریف مندرجہ ذیل کو چار حصوں میں تقسیم کریں اور چہار گونہ تعویذ بنا کر تحریر کریں اور حساب نجوم یہ معلوم کریں کہ شمس کو کب بزرگی حاصل ہو رہی ہے پس جس وقت سورج بزرگ ہوا ہو اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں خلقت مہربان ہوگی دعا یہ ہے۔

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝

عمل نمبر ۲۶:۔

آیت مبارکہ مندرجہ ذیل معہ آخری دعا کے برائے تسخیر قلب حاکم یا بڑے شخص کے ہے۔ ہر جمعرات کو بعد آدھی رات کے باوضو تین مرتبہ بہ رجوع قلب پڑھے اور لفظ ذلکہ اور فلاں ابن فلاں پر نام اس حاکم یا اس بڑے شخص کا جو متعلق ہو لایا جا ہیے انشاء اللہ وہ مہربان ہو گا۔ دعا مبارکہ یہ ہے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ ۖ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

حَسْبِیَ اللّٰہُ یَا رَبِّ عَلٰی حُبِّ فُلَانِ بِنْ فُلَان اِعْطِفْ قَلْبَہٗ لِیْ وَ ذَلِّلْہُ لِیْ۔

عمل نمبر ۲۷ :۔

یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا وَّدَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا ○
وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاَنَّ لَھُمْ مِّنَ اللّٰہِ فَضْلًا کَبِیْرًا ○ وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَدَعْ اَذٰھُمْ وَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا ○

آیت مبارکہ مندرجہ بالا بے پناہ خواص کی مالک ہے اگر اس کے اختصار کرتے ہوئے بھی اوصاف تحریر کیے جائیں تو اس مختصر رسالے میں اس کی قطعی گنجائش نہ ہوگی مختصر یہ کہ حب کے لیے بے پناہ خوبیاں کا مالک ہے۔ کیسر اور کستوری چنبیلی کے تیل میں حل کر کے آیات مندرجہ بالا کو اس روغن چنبیلی پر پھونک دیا جائے اور پھر کوئی شخص اپنے ابرو اور رخساروں پر لگانے تو جو شخص بھی اسے دیکھے گا۔ محبت کرے گا۔ انسان تو انسان حیوان بھی اس سے محبت کریں گے اور اگر جنگ کے موقعہ پر ایسا کر کے جائے انشا اللہ یقینی فتح پائے گا۔

عمل نمبر ۲۸ :۔

یہ آیت شریف زن و شوہر کی باہمی شکر رنجی اور کرنے میں پتر بہدف خواص کی مالک ہے طریقہ اس کا یہ ہے کہ

آیہ مبارکہ کو چار جگہ کاغذوں پر لکھے اور اپنے مکان کے چاروں کونوں میں
کر کسی کی خطر تعمیر نے پاس دفن کر دے انشاء اللہ باہمی شکر رنجی دور ہو کر
صلح ہو جائے گی۔ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ
لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ۙ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ
مَهْدًا وَجَعَلَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۚ وَالَّذِي
نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ
كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ۝ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم
مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ۙ لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ
ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُولُوا
سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ
مُقْرِنِينَ ۙ وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا
لَمُنقَلِبُونَ ۝

عمل نمبر ۲۹ :۔

یہ آیہ مبارکہ بارہا کا آزمودہ اور مجرب ہے ترکیب
اس کی اس طرح پر ہے کہ آدمی کی کوئی حاجت جس کسی شخص سے بھی وابستہ
ہو آیت شریف مندرجہ ذیل کو بخلوص نیت پڑھ کر اپنی دائیں ہتھیلی پر تین
تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے پھر مٹھی بند کر لے اور اس کے سامنے جا کر مٹھی
کھولے انشاء اللہ وہ آدمی اس پر بہت زیادہ مہربان ہو گا وہ آیہ مبارکہ
یہ ہے۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئَا اتَّخَذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝
مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

عمل نمبر۳۰:۔

آیت شریف مندرجہ ذیل کو ایک چاندی کے ٹکڑے پر کندہ کرالیں اور یہ آیت اس وقت کندہ کی جائے کہ جب قمر طالع ہو اور سعد زہرہ مبین ہو تو جس آدمی کے پاس یہ کندہ شدہ چاندی کا ٹکڑا ہوگا ۔ محبوب خلائق ہوگا یہاں تک کہ دشمن بھی مہربان ہوگا عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

عمل نمبر۳۱:۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ۝ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝ كذلك حببتني فلاں بن فلاں بہ محبت فلاں بن فلاں ۔

آیت شریف مندرجہ بالا کو عرق گلاب میں زعفران خالص کا محلول

تیار کرے اس سے لکھے اور پھر جن لوگوں کے درمیان محبت کرانی ہو دھو کر ان لوگوں کو پلادے ان کے دلوں میں باہمی جو کدورتیں ہوں گی جاتی رہیں گی اور کمال محبت پیدا ہوگی انشاءاللہ تعالیٰ ۔

عمل نمبر ۳۲ :-

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۙ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ ؕ اَیَحْسَبُ اَنْ لَّنْ یَّقْدِرَ عَلَیْهِ اَحَدٌ ۘ یَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ؕ اَیَحْسَبُ اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ؕ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَیْنَیْنِ ۙ وَلِسَانًا وَّشَفَتَیْنِ ۙ وَهَدَیْنٰهُ النَّجْدَیْنِ ۚ

برائے عزت و محبت آیہ مبارکہ متذکرہ بالا باطہارت ایک کپڑے پر لکھے اور اس کو پہن لے جس شخص کے پاس یہ کپڑا پہن کر جائے گا وہ اس کے ساتھ عزت و احترام کے ساتھ پیش آئے گا ۔

عمل نمبر ۳۳ :-

